## سوال

بغیر داڑھی والے امام کے پیچھے نماز السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا بغیر داڑھی والے امام کے پیچھے نماز جائز ہے ؟ اگر کسی نماز کا وقت نہ ہوا ہو تو کیا وہ نماز پڑھ سکتے ہیں ؟

## جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جی ہاں ہو جاتی ہے۔ اگر اس امام میں اس کے علاوہ شرک جیسا کوئی دوسرا مانع نہ پایا جاتا ہو تو داڑھی کا نہ ہونا امامت میں مانع نہیں ہے۔ اگر نماز کا وقت نہ ہوا ہو تو اسے وقت سے پہلے پڑھنا جاء ز نہیں ہے، کیونکہ ابھی تک وہ نماز آپ پر فرض ہی نہیں ہوء ی۔ اگر کوء ی شخص وقت سے پہلے نماز ادا کر لیتا ہے تو اس کی وہ نماز صحیح نہیں ہوگی، اسے دوبارہ وقت کے اندر ادا کرنا ضروری ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے: اِنَّ الصَّلَاۃَ کَانَتْ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ کِتَابًا مَّوْقُوْتًا بے شک نماز مومنوں پر وقت مقررہ پر فرض کی گ ء ی ہے۔ ہذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ